عبدالستار گوندل

تعارف و تبصرہ کتب

نام کتاب ——— فقہائے ہند (جلد پنجم ۔ حصہ اوّل)

مصنف ——— مولانا محمد اسحاق صاحب بھٹی

ضخامت ——— ۳۵۲ صفحات

قیمت ——— ۲۴ روپے

ناشر ——— ادارۂ ثقافتِ اسلامیہ کلب روڈ ۔ لاہور

مولانا محمد اسحاق صاحب بھٹی کی شخصیت محتاجِ تعارف نہیں ۔ آپ کا تعلق " ادارۂ ثقافتِ اسلامیہ سے ہے اور ادارہ کے ماہنامہ " المعارف " میں بطور مدیر فرائض سرانجام دے رہے ہیں ۔

زیرِ نظر کتاب " فقہائے ہند " جلد پنجم کا حصہ اوّل ہے جو برصغیر پاک و ہند کے بارھویں صدی ہجری کے ۱۶۲ فقہائے عالی مقام اور علمائے کرام کے تفصیلی حالات و سوانح پر مشتمل اور ان کی علمی و فقہی اور تصنیفی و تدریسی مساعی کو محیط ہے ۔ ہندوستان میں یہ اورنگ زیب عالمگیر کا عہدِ حکومت ہے جو علمی اور فقہی لحاظ سے انتہائی پُر ثروت عہد ہے ۔ اورنگ زیب نے ہندوستان پر اکیاون سال حکومت کی ۔ اگرچہ اس دَور کے بعض فقہائے عظام کا تعلق اس سے پہلے اور بعد کے حکمرانوں کے عہد سے بھی ہے لیکن مقدمہ کتاب میں صرف اورنگزیب کی علمی و عملی زندگی کا ذکر کیا گیا ہے اور تفصیل سے بتایا گیا ہے کہ ذاتی طور پر برصغیر کا یہ عظیم الشان شہنشاہ کس درجے نیک ، پرہیزگار ، بہادر و دلیر اور علم و علماء اور فقہ و فقہا کا قدردان تھا ۔ اس کی اپنی " کتابِ زندگی " نہایت شاندار اور سب حکمرانوں سے ممتاز و اعلیٰ ہے اور خاندانِ مغلیہ کے اس حکمران کے حالات انتہائی دلآویز و دلچسپ ہیں جن کے مطالعے سے قلب و ذہن پر ایک خاص کیفیت کروٹ لینے لگتی ہے ۔

ہم مولانا کی اس عظیم علمی خدمت پر انہیں ہدیۂ تبریک پیش کرتے ہیں اور دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ انہیں